43

دنیا میں امن اور صلح اور آشتی قائم ہو

عیدالفطر کے روز مختصر بصیرت افروز خطبہ

خطبہ جمعہ فرمودہ 4/نومبر 2005ء بمقام مسجد بیت الفتوح ،لندن (برطانیہ)

تشہد وتعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور نے فرمایا:۔

1905ء میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک انذاری وحی کے بعد ایک نظارہ دیکھا ایک روح بڑی بے چینی کا اظہار کر رہی ہے۔ اس نظارے کے دیکھنے پر آپ نے فرمایا کہ:

''انسان کا کیا حرج ہے اگر وہ فسق و فجور چھوڑ دے۔ کون سا اس میں اس کا نقصان ہے اگر وہ مخلوق پرستی نہ کرے۔ آگ لگ چکی ہے۔ اٹھو اور اس آگ کو اپنے آنسوؤں سے بجھاؤ۔''

(اشتہار الانذار 18/اپریل 1905ء مندرجہ الحکم مورخہ 10/ اپریل 1905ء صفحہ 2 کالم نمبر 3)

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے لئے بھی اور انسانیت کے لئے بھی دعاؤں کی توفیق دے اور یہ جو آگ لگی ہوئی ہے اس کو اپنے آنسوؤں سے بجھانے کی توفیق عطا فرمائے اور دنیا میں امن اور صلح اور آشتی قائم ہو اور یہ لوگ مامور کو پہچاننے کے قابل ہوں۔ آمین۔

❁❁❁